عمدۃ الذخائر ترجمہ کتاب الکبائر | الامام شمس الدین الذہبی ۔ ترجمہ مولانا حکیم محمد نواز ملتانی ۔ صفحات ۲۴۰
قیمت ۲۵ روپے ۔ پلاسٹک کور کے ساتھ ۳۰ روپے ۔ پتہ جمیل بک ڈپو چوک بلاک ۱۲ سرگودہا

کبائر ذنوب یعنی گناہ کبیرہ پر علمائے امت نے مستقل کتابیں لکھی ہیں۔ پیش نظر کتاب علامہ ذہبی الدمشقی کی کتاب الکبائر کا سلیس اردو ترجمہ جس میں امام ذہبی نے ستر بڑے گناہوں پر کتاب و سنت آثار سلف اور ترغیبی و ترہیبی واقعات سے روشنی ڈالی ہے ۔ گو کہ فضائل اعمال اور ترہیب میں عموماً غیر مستند قصص اور واقعات سے بھی استفادہ ہوتا ہے ۔ تاہم پیش نظر کتاب میں امام ذہبی نے حتی الوسع ثقہ روایات اور قطعی نصوص کو بنیاد بنایا ہے علماء امت کے ہاں کبائر کے سلسلہ میں یہ کتاب سب سے موثر اور مفید ہے ۔ اردو دان طبقہ کے لئے اس سے استفادہ مشکل تھا ۔ خداوند تعالیٰ جزائے خیر دے فاضل مترجم کو جو مفتی کفایت اللہ مرحوم کے تلمیذ ہیں ۔ کہ انہوں نے آسان ترجمہ کے ساتھ متن شائع کیا ۔ بڑے بڑے معاصی اور گناہوں کے مہلکات پر تنبیہ کا راستہ آسان کر دیا ۔ ۔ ( س )

| کتابت حدیث عہد رسالت و عہد صحابہ میں | مصنف ۔ مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب<br>ناشر ۔ ادارۃ المعارف ۔ دارالعلوم کراچی ۔ کتابت و طباعت نہایت |
|---|---|

ہی عمدہ و دیدہ زیب ۔ قیمت ۱۲ روپے

زیر نظر کتاب برصغیر کی ممتاز علمی شخصیت مولانا مفتی محمد شفیع مرحوم کے فرزند ارجمند جو کہ الولد سر لابیہ کے مصداق ہیں نے مرتب کیا ہے ۔ مصنف نے ایک اہم موضوع پر قلم اٹھایا ہے ۔ مدت سے منکرین حدیث اور پرویزی اس کوشش میں ہیں کہ احادیث کو عجمی سازش قرار دے کر غیر یقینی بنا دیا جائے ۔ اس مقصد کے لئے منکرین حدیث نے اپنے پیش رو مستشرقین یورپ کے افکار و خیالات کا چربہ بھی اتارتے رہے ہیں ۔ اور ان کی وکالت میں صفحات کے صفحات سیاہ کر دئے ہیں ۔ مصنف نے مثبت انداز میں ان کے اعتراضات کے جوابات بھی دئے ہیں ۔

زیر نظر کتاب سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ عہد رسالت میں بھی احادیث کی کتابت کا اہتمام وسیع پیمانے پر ہوتا تھا ۔ عہد رسالت میں کتابت حدیث کے زیر عنوان اس پر وقیع بحث کی گئی ہے ۔ تحریر و کتابت اور اہل عرب کا عنوان اثبات مدعیٰ کے لئے نہایت کارآمد اور معلومات افزا ہے ۔

کتاب کا انڈکس بھی دیا گیا ہے ۔ صوری اور معنوی لحاظ سے بہتر یہ کتاب کراچی کے علاوہ یہ کتاب ادارہ اسلامیات انارکلی لاہور سے بھی دستیاب ہے ۔ ۔

( م ۔ ا ۔ ف )